چھٹی شرط: مرد کا لباس خالص ریشم کا نہ ہو

چھٹی شرط: مرد کا لباس خالص ریشم کا نہ ہو

مسئلہ۹۵۔ مرد کا لباس یہاں تک کہ وہ لباس بھی جس سے شرم گاہ کو چھپایا نہ جائے مثلا گول والی ٹوپی، جوراب وغیرہ بھی خالص ریشم کا ہوا تو اس کے ساتھ نماز باطل ہے اور مرد کے لئے نماز کے علاوہ بھی اس کو پہننا حرام ہے لیکن اگر ریشم کا رومال وغیرہ نماز پڑھنے والے کے ہمراہ مثلاًجیب میں ہوتو کوئی اشکال نہیں ہے اور نماز باطل نہیں ہوتی ۔

مسئلہ۹۶۔ لباس کے استرکی معمولی مقدار بھی خالص ریشم سے ہو تو مرد کے لئے حرام اور اس کے ساتھ نماز باطل ہے۔

مسئلہ۹۷۔ جس لباس کے بارے معلوم نہ ہو کہ خالص ریشم سے بنایا گیا ہے یا کسی اور چیز سے سے بنایا گیا ہےتو اس کو پہننے میں کوئی اشکال نہیں اور اس کے ساتھ نماز صحیح ہے۔

مسئلہ۹۸۔ عورت کے لئے نماز اور دوسرے مواقع پر ریشم کا لباس پہننے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔